مسلمان کافر کا وارث نہیں بنے گا اور نہ کافر مسلمان کا وارث بنے گا

اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "مسلمان کافر کا وارث نہیں بنے گا اور نہ کافر مسلمان کا وارث بنے گا"

[صحیح] [متفق علیہ]

اس حدیث میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ہے کہ مسلمان اور کافر ایک دوسرے کے وارث نہیں ہو سکتے، کیونکہ اسلام کا رشتہ سب سے قوی اور مضبوط ترین رشتہ ہے لہذا، اگر نسبی قرابت داروں کے بیچ یہ مقدس رشتہ مفقود ہو، تو سارے رشتے ناتے بے معنی ہو جاتے ہیں اور قرابت کے رشتے کی قوت غیر مؤثر ہو جاتی ہے، اس لیے ایک دوسرے کے وارث بننے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، جس کی بنیاد مدد اور باہمی تعاون پر رکھی گئی ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/64716